# 8TH CLASS
# LESSON BASED ASSESSMENT
# UNIT TEST QUESTION PAPERS
# UNIT 1 to 6 (PART -1)
# WITH KEY ANSWERS
# URDU MEDIUM
# 2025-26

PREPARED BY
TEM URDU SCIENCE GROUP
BIJAPUR

# فصلی پیداوار اور انتظام -یونٹ ٹیسٹ

مضمون:- سائنس | مارکس-20

جماعت:- ہشتم | وقت:-45منٹ

Iمندرجہ ذیل سوالات کے چار متبادلات جوابات دیے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کرو 3x1=3

1. زرعی طریقے میں استعمال ہونے والا پہلا مرحلہ۔

a) بوائی b) مٹی کی تیاری c) فصل کی کٹائی d) کھاد دینا

2. درج ذیل میں کس جاندار کو "کسان کا دوست" کہا گیا ہے۔

a) چوہا b) کیچوا c) مویشی d) تحلیل گر

3. مٹی کی تیاری, بیج بونے اور کھرپتوار کو نکالے میں استعمال ہونے والا آلہ۔

a) ہل b) لیولر c) کلٹیویٹر d) بیلچہ

IIمندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھو۔ 3x1=3

4. کھیتوں میں بیج بونے کے لیے استعمال ہونے والے آلے کا نام لکھو۔

5. بیج بونے سے پہلے خراب بیجوں کی جانچ کا ایک طریقہ بتاؤ۔

6. ربیع فصل اور خریف فصل کی کاشت کس موسم میں کی جاتی ہے ؟

IIIمندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھو 2x2=4

7. ہل چلانے کے کوئی دو فائدے بیان کرو۔ (یا)

. کھیتوں میں بیج ڈرل استعمال کرنے کے فائدے بیان کرو۔

8. بیلچہ کی صاف شکل بنا کر " مڑی ہوئی پلیٹ " کی نشاندہی کرو۔

IVمندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھو۔ 2x3=6

9. ربیع فصل کسے کہتے ہیں؟ اس کی مثالیں لکھو۔ (یا)

زراعتی طور طریقے میں درج ذیل اوزاروں کا استعمال لکھو۔


a) لیولر b) درانتی c) کلٹیویٹر

10. کھادو اور فرٹیلائزر میں فرق لکھو (کوئی تین)

Vدرج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھو۔ 4x1=4

13. A,B اور C , تین کپ دیے گئے ہیں جس میں بوئے گئے بیجوں سے چھوٹے چھوٹے پودے اگ آئے ہیں. ان کے لیے مختلف طریقے استعمال کیے گئے ہیں جو اس طرح سے ہیں ۔

A- میں صرف کھاد ملائی گئی ہے۔




B – میں صرف فرٹیلائزر کا استعمال کیا گیا ہے۔


C – میں نہ کھاد ملائی گئی ہے نہ فرٹیلائزر کا استعمال کیا گیا ہے۔

درج بالا معلومات کی بنیاد پر پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھو۔

کن پودوں میں بہت کم افزائش نظر آئیگی اور کیوں ؟

کن پودوں میں سب سے زیادہ افزائش نظر آئیگی اور کیوں ؟

# جوابات

<table>
<tr><td>1</td><td>b) مٹی کی تیاری</td><td>1</td></tr>
<tr><td>2</td><td>b) کیچوا</td><td>1</td></tr>
<tr><td>3</td><td>d)بیلچہ</td><td>1</td></tr>
<tr><td>4</td><td>بیج ڈرل</td><td>1</td></tr>
<tr><td>5</td><td>بیجوں میں پانی ملانے پر توانا بیج تہہ میں بیٹھ جاتے ہیں ، جبکہ خراب بیج سطح پر تیرنے لگتے ہیں۔</td><td>1</td></tr>
<tr><td>6</td><td>ربیع فصل کی کاشت موسم سرما میں کی جاتی ہے، جبکہ خریف فصل کی کاشت برسات کے موسم میں کی جاتی ہے۔</td><td>1</td></tr>
<tr><td>7</td><td>• ہل چلانے سے مٹی ڈھیلی ہو جاتی ہے اور جڑیں مٹی میں گہرائی تک جاسکتی ہیں۔<br>• ہل چلانے سے مٹی ملائم بن جاتی ہے، جو مٹی میں رہنے والے کیچوؤں اور خرد عضویوں کی نشوونما میں معاون ہے</td><td>2</td></tr>
<tr><td>یا</td><td>• بیج ڈرل کے ذریعے بیجوں کو یکساں طور پر مناسب فاصلوں اور گہرائی میں بویا جاسکتا ہے۔<br>• اس سے بیج مٹی میں اچھی طرح ڈھک جاتے ہیں اور پرندوں کے ذریعے کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔<br>• بیج ڈرل کے ذریعہ ، بوائی کرنے سے وقت اور محنت دونوں کی بچت ہوتی ہے</td><td></td></tr>
<tr><td>8</td><td><br></td><td>2</td></tr>
<tr><td>9</td><td>موسم سرما میں جن فصلوں کی کاشت کی جاتی ہے، وہ ربیع فصلیں کہلاتی ہیں ، گیہوں، چنا، مٹر، سرسوں اور السی ربیع فصلیں ہیں۔</td><td>3</td></tr>
<tr><td>یا</td><td>a. لیولر-ہل چلانے کے بعد بوائی اور آبپاشی کے لیے کھیت کو ہموار کرنے کا کام لیولر کے ذریعے کیا جاتا ہے۔<br>b. درانتی-فصل پکنے کے بعد اسے کاٹنے کے لیے درانتی کا استعمال کیا جاتا ہے۔<br>c. کلٹیویٹر-کھیتوں کی جتائی میں کلٹیویٹر کا استعمال کیا جاتا ہے۔</td><td></td></tr>
<tr><td>10</td><td><table><tr><th>کھاد</th><th>فرٹیلائیزر</th></tr><tr><td>• کھاد قدرتی شے ہے جو مویشیوں کے گوبر انسانی فضلہ، اور پودوں کے باقیات کی تحلیل سے حاصل ہوتی ہے۔<br>• کھاد کو کھیتوں میں تیار کیا جاتا ہے۔</td><td>• فرٹیلائزر مصنوی غیر نامیاتی نمک ہے۔<br>• فرٹیلائزر کو کارخانے میں تیار کیا جاتا ہے۔<br>• فرٹیلائزر سے مٹی کو ہیومس کی فراہمی نہیں ہوپاتی ۔</td></tr></table></td><td>3</td></tr>
</table>

| | | |
|---|---|---|
| | • کھاد سے مٹی کو بھرپور مقدار میں تراب حاصل ہوتا ہے۔<br>• کھاد میں پودوں کے لیے تغذیہ نسبتا کم ہوتا ہے۔ || • فرٹیلائزر میں نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاشیم پودوں کے لیے بھرپور مقدار میں ہوتے ہیں | |
| 4 | ▪ A کپ جس میں صرف کھاد ملائی گئی ہے B کے مقابلے پودوں کی نشونما کم ہوتی ہے.<br>وجہہ -کھاد ایک قدرتی شے ہے، اور کھاد میں پودوں کے لیے تغذیہ نسبتًا کم ہوتا ہے۔<br>▪ B کپ میں جس میں صرف فرٹیلائزر ملایا گیا ہے A اور C کے مقابلے نشونما بہت بہترین ہوتی ہے۔<br>وجہہ -فرٹیلائزر ایک مصنوی شے ہے جو نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاشیم جیسے تغذئی اجزا سے بھرپور ہوتا ہے، جو پودے کی بہترین نشونما کے لیے ضروری ہیں ۔<br>▪ C کپ میں A اور C کے مقابلے نشونما بہت کم ہوتی ہے،<br>وجہہ -. کیونکہ صرف مٹی میں پودوں کی نشونما کے لیے تغذئی اجزاء بہت کم ہوتے ہیں۔ | 11 |
| | | |